कुल प्रश्नों की संख्या : 45 | कुल पृष्ठों की संख्या : 04

Total No. of Questions: 45 | Total No. of Pages: 04

# 206

विषय : उर्दू

URDU

समय : 03 घण्टे | पूर्णांक : 100

Time: 03 Hours | Maximum Marks: 100

**Urdu/اردو206**

---

ہدایات: (1) اس پرچہ میں دو۲حصّے ہیں''حصّہ الف''اور''حصّہ ب''اس پرچے کے دونوں ہی حصّوں کے سوالات حل کرنا لازمی ہیں۔

(2) ہرسوال کے مقررہ نمبرات سوال کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

(3) ''حصّہ الف''میں دیئے گئے سوالات کے نیچے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر لکھئے۔

مقررہ نمبرات:25 ''حصّہ الف'' Part"A" وقت30منٹ

سوال نمبر1: مہیمن کے کپڑے سینے پر امینہ کو کتنے پیسے ملے تھے؟

(الف) چار پیسے (ب) آٹھ آنے (س) دس روپئے (د) چھ پیسے

سوال نمبر2: وقت کا سِرا کس کے ہاتھ میں ہوتا ہے؟

(الف) انسان کے (ب) بادشاہوں کے (س) خدا کے (د) کسی کے نہیں

سوال نمبر3: ناگزیر کا مطلب ہے

(الف) تکلیف دینے والا (ب) ناواقف (س) جسے ٹالا نہ جاسکے (د) جسے برداشت کیا جاسکے

سوال نمبر4: جب انسان کسی پر غصّہ اُتارنے میں ناکام ہوجاتا ہے تو اسے ہونے لگتی ہے؟

(الف) گھبراہٹ (ب) سنسناہٹ (س) جھنجھلاہٹ (د) پریشانی

سوال نمبر5: ہکّار اور معکوسی آوازیں کتنی ہیں؟

(الف) 15 (ب) 17 (س) 14 (د) 18

سوال نمبر6: چاند سا ٹکڑا کسکے لئے کہا گیا ہے؟

(الف) خوبصورت شخص کے لئے (ب) چمکدار چیز کے لئے (س) خوش اخلاق شخص کے لئے (د) بُرے شخص کے لئے

سوال نمبر7: نسیم سحری سے کیا مراد ہے؟ (الف) شام کی ہوا (ب) صبح کی ہوا (س) دوپہر کی ہوا (د) رات کی ہوا

سوال نمبر8: آنکھوں کا تارہ ہونے سے مراد ہے؟ (الف) آنکھوں میں تل ہونا (ب) بہت عزیز ہونا (س) آنکھوں میں چھُپنا (د) آنکھوں میں تکلیف ہونا۔

سوال نمبر9: قطعہ میں کم سے کم کتنے اشعار ہوتے ہیں؟(الف) کم سے کم ایک شعر(ب) کم سے کم دوشعر(س) کم سے کم چار شعر(د) کم سے کم پانچ شعر

سوال نمبر10: بوڑھے کا سر تانبے کی طرح چمک رہا تھا یہ جملہ ہے (الف) تشبیہی (ب) اشعاراتی (س) کنایاتی (د) معلوماتی



mpcareer.in

سوال نمبر 11: افسانہ بیان کرنے والا 48 برس کے بعد کشمیر کی سیر کرنے آیا تھا؟ (الف) اکیلا (ب) اپنی پچھلی بہار کی محبوبہ کے ساتھ (س) اپنے خاندان کے ساتھ (د) اپنی اس بہار کی محبوبہ کے ساتھ

سوال نمبر 12: اجی مرغی اذان دیتی بھلی نہ لگے ہیں کس نے کس سے کہا ہے؟ (الف) چاچا نے (ب) چاچی نے (س) انٹی نے (د) امّی نے

سوال نمبر 13: کبیر داس کن دو صوفیوں کے شاگرد بتائے جاتے ہیں؟ (الف) کمال داس (ب) رام داس (س) گورکھناتھ (د) سوامی رامانند اور شیخ پیر تقی

سوال نمبر 14: ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کب ہوئی؟ (الف) 1950 (ب) 1947 (س) 1947 (د) 1857

سوال نمبر 15 غالب کا خط پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ لکھنے والا اور پڑھنے والا جیسے باتیں کر رہے ہو کیوں؟ (الف) غالب نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا (ب) غالب نے اپنے خطوط میں زندگی کے بیان کئے (س) آسان زبان کا استعمال کرتے تھے (د) غالب اپنے ہر خط میں اپنی تصویر ضرور لگاتے تھے۔

سوال نمبر 16: بھاگ ولی کو جب سپاہیوں نے پکڑ لیا تو (الف) کشن کنور اور سلمٰی سپاہیوں کے سامنے آگرے (ب) سپاہیوں سے مقابلہ کر کے رام سہائے نے انہیں بھگا دیا (س) رام سہائے نے بُرا بھلا کہا (س) رام سہائے نے سپاہیوں سے مقابلہ کیا۔

سوال نمبر 17: پیکر کی تعریف (الف) جو ہمارے حواس خمسہ کو متحرک کرے (ب) جو ہمارے اندر حسرت پیدا کرے (س) ہماری حرکت روک دے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 18: نظم ''معرا'' اس نظم کو کہتے ہیں جس کے (الف) سب مصرعے چھوٹے بڑے ہوں (ب) قافیے نہ ہو لیکن مصرعے برابر ہوں (س) قافیہ ہو ردیف نہ ہو (د) سب مصرعے بحر سے خارج ہو

سوال نمبر 19: غزل میں اکثر باتیں کی جاتی ہیں اپنے (الف) استاد سے (ب) محبوب سے (س) شہر سے (د) والدین سے

سوال نمبر 20: منزل کی جمع لکھئے؟ (الف) سہرا (ب) منازل (س) ویران (د) آباد

سوال نمبر 21: حُسن کیا ہے؟ (الف) خیر اور صداقت کا مجموعہ ہے (ب) سیاست کا نام ہے (س) دولت کا نام ہے (د) بھلے اور برے کی تمیز کا نام ہے

سوال نمبر 22: جب دو بامعنی لفظ ایک جگہ پر آ کر اپنا مفہوم پیدا کرے تو یہ لفظ ہے۔ (الف) سادہ (ب) پیچیدہ (س) مرکب (د) یہ سبھی

سوال نمبر 23: تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں کا مطلب ہے۔ (الف) دنیا کی آرزوؤں میں الجھ کر رہ گیا ہو (ب) اس جہاں کی رونقیں دیکھنے کے قابل ہیں (س) انسان کی زندگی کا مقصد عیش کرنا ہے (د) انسان کو اس دنیا سے جانا ہے۔

سوال نمبر 24: نشاط و نغمہ و مے استعارہ ہے (الف) سنہرے مستقبل کا (ب) خوبصورت زمانے کا (س) شاندار ماضی کا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 25: حضرت محمدؐ کا نواسہ کون ہے؟ (الف) حضرت عوْن (ب) حضرت عبّاس (س) حضرت امام حسین (د) حضرت علی

## کل نمبرات: 75 ''حصہ ب'' Part "B" وقت ڈھائی گھنٹہ

سوال نمبر 1: عرب سے کس قسم کا تعلق باقی رہ گیا تھا؟ [3]

سوال نمبر 2: مُہیمن کے کپڑے سینے پر کتنے پیسے ملے؟ [3]

سوال نمبر 3: جابر حسین کون سے صوبے کے چیئرمین بنے؟ [3]

سوال نمبر 4: نظم کے لغوی معنی کیا ہے؟ [3]

سوال نمبر 5: صالحہ عابد حسین کے تین ناولوں کے نام لکھئے؟ [3]

mpcareer.in

سوال نمبر6:  سرسیّد نے انگریزوں کی جانیں کیوں بچائی تھیں؟ [3]

سوال نمبر7:  نظم معرّا کسے کہتے ہیں؟ [3]

سوال نمبر8:  شاعر کے دل کی دھڑکن میں کس کا نام ہے؟ [3]

سوال نمبر9:  مرثیہ کے اجزائے ترکیبی لکھئے؟ [3]

سوال نمبر10:  ذاتی خط کی کتنی حصّے ہوتے ہیں؟ [3]

سوال نمبر11:  درج ذیل الفاظ کی ضد لکھئے (1) دن   (2) اندھیرا   (3) اونچا [3]

سوال نمبر12:  غالب کو آخری دنوں میں کس نے گھیر لیا تھا؟ [3]

سوال نمبر13:  حروف کی تعریف مع مثال کے لکھئے؟ [3]

سوال نمبر14:  مطلع کسے کہتے ہیں؟ [3]

سوال نمبر15:  1908ء میں پریم چند کا کونسا مجموعہ شائع ہوا؟ [3]

سوال نمبر16:  مندرجہ ذیل اقتباس کو مع حوالہ کے سلیس اردو میں لکھئے؟ [5]

اردو ہماری زبان ہے یہ زبان ہندوستان کے ہر حصّے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے اس میں یوں تو کئی زبانوں کے الفاظ موجود ہیں لیکن سب سے زیادہ فارسی اور کھڑی بولی نے اِس کے بننے میں اہم حصّہ لیا ہے۔ اس کا بننا تو اسی وقت سے شروع ہو گیا تھا جب عرب تاجر آنا شروع ہوئے اور ان کے میل جول سے کچھ الفاظ ہندوستانیوں کی زبان پر چڑھنے لگے یہ کوئی ڈیڑھ ہزار برس پہلے کی بات ہے۔ لیکن اس کا نام اردو شاہجہاں کے دور میں پڑا۔

سوال نمبر17:  کسی ایک کی تشریح مع حوالہ کے لکھئے؟ [5]

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں<br>کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

یا

آج بھی قافلہ عشق رواں ہے کہ جو تھا<br>وہی میل اور حرس سنگ نشاں ہے کہ جو تھا۔

سوال نمبر18:  اپنے پرنسپل کو چار دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے جسمیں بیماری کا ذکر ہو [5]

یا  اپنے دوست یا سہیلی کو اس کی سالگرہ کی مبارکباد کا خط لکھئے؟

سوال نمبر19:  درج ذیل سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ [10]

(1) بڑھتی آبادی ایک مسئلہ   (2) عید الفطر   (3) ٹیلی ویزن   (4) سائنس کے کرشمے

سوال نمبر20:  درج ذیل عبارت کو پڑھکر نیچے لکھے سوالات کے جواب لکھئے ؟ [5]

امن و جنگ ایک دوسرے کی ضد ہے۔ ہر دور میں امن کی اہمیت اور اس کے فائدے جاننے کے باوجود جنگیں ہوتی آرہی ہیں آج بھی بعدی دنیا تیسری جنگ کے خوف سے کانپ رہی ہے۔ جن لوگوں نے 1914ء کی پہلی اور 1939ء کی دوسری عظیم جنگیں دیکھیں ایک عرصہ گذر جانے کے باوجود ان جنگوں کی تباہیوں اور ہولناکیوں کو اب تک نہیں بھولے ہیں جنگ اگر لعنت ہے تو امن بلاشبہ رحمت ہے۔



mpcareer.in

سوال نمبر 1: امن اور جنگ ایک دوسرے کی کیا ہے؟

سوال نمبر 2: پوری دنیا کس کے خوف سے کانپ رہی ہے؟

سوال نمبر 3: دوسری عظیم جنگ کس سن میں ہوئی ؟

سوال نمبر 4: امن بلاشبہ کیا ہے؟

سوال نمبر 5: اوپر دی ہوئی عبارت کا مناسب عنوان لکھئے۔

-----------xx-----------

mpcareer.in